1989ء سے مسلسل اشاعت | 15 تا 28 اپریل 2022 | شمارہ نمبر 17-16 | جلد نمبر 34

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

FAIR TRADE (Pvt) Limted

A Trusted & Reliable Name for Genuine Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010 | Brands of the year Award 2010 | Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





BMG

بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرارؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 24 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ آفس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سٹی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**

**ایڈیٹوریل بورڈ**

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرارؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**

سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک کیمیکل مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے

# دونوں سائیڈ کوٹڈ گلوس پیپر کلاسیفکیشن تنازع پر سندھ ہائی کورٹ کا فیصلہ معطل، سپریم کورٹ میں اپیل منظور

## سپریم کورٹ نے بلال ٹریڈرز کی اپیل منظور کر لی، فیصلے کی معطلی سے آئی بی ایم کے موقف کی تائید، پبلک نوٹس بھی کالعدم ہو جائے گا

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) سندھ ہائی کورٹ کی جانب سے میسرز بلال برادرز کو پبلک نوٹس نمبر 1/2021 کے خلاف دائر پٹیشن میں ریلیف نہ ملنے کے خلاف دائر پٹیشن پر سپریم کورٹ نے ریلیف دے دیا اور 13 اپریل کو ہونے والی سماعت کے موقع پر بلال ٹریڈرز کی اپیل منظور کرتے ہوئے سندھ ہائی کورٹ کا فیصلہ معطل کر دیا اور کیس دوبارہ سندھ ہائی کورٹ کو سماعت کے لیے بھیج دیا جس کے نتیجے میں پبلک نوٹس نمبر 01/2022 جو دونوں سائیڈ کوٹڈ گلوس پیپر کی کلاسیفکیشن سے متعلق تھا وہ بھی کالعدم ہو جائے گا۔ کیونکہ اس کی بنیاد سندھ ہائی کورٹ کا یہی فیصلہ تھا جو سپریم کورٹ نے اپیل منظور کرتے ہوئے معطل کیا ہے۔ اس سے قبل 3 مارچ کو ہونے والی سماعت میں میسرز بلال ٹریڈرز نے موقف اختیار کیا تھا کہ سندھ ہائی کورٹ میں اس سے ملتی جلتی متعدد پٹیشن زیر سماعت تھیں جس میں پبلک نوٹس نمبر 1/2022 جو کہ دونوں سائڈ کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کی کلاسیفکیشن سے متعلق ہے، کو چیلنج کیا گیا تھا اور استدعا کی گئی تھی کہ جب تک اس بارے میں فیصلہ نہ ہو جائے اسے دفعہ 81 کے تحت عبوری کلیرنس کی اجازت دے دی جائے۔ اور سندھ ہائی کورٹ نے انہیں یہ ریلیف دے دیا تھا۔ تاہم عدالت نے بلال برادرز کے کیس میں موقف اختیار کیا کہ ایف بی آر کو اس سلسلے میں مکمل اختیار ہے لہٰذا وہ اس سلسلے میں کوئی ریلیف نہیں دے سکتی۔ ہائی کورٹ کے اس فیصلے کے خلاف میسرز بلال ٹریڈرز اور دیگر نے سپریم کورٹ میں اپیل کی تھی جسے سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے گئے تھے۔ بلال ٹریڈرز نے موقف اختیار کیا تھا کہ ہائی کورٹ نے بغیر کسی قانونی نکتہ کے اس کیس کو سنگل آؤٹ کر دیا جو کہ خود ہائی کورٹ کے متعدد فیصلوں کے خلاف ہے۔ جس پر عدالت عالیہ نے بلال ٹریڈرز کو عبوری کلیرنس کی فوری ریلیف دیتے ہوئے اپیل کو سماعت کے لیے منظور کر لیا تھا۔ ستمبر 2020 سے جاری اس تنازعہ میں اس اپیل کی منظوری سے آئی بی ایم کے موقف کی بھی تائید ہوئی ہے جو اس نے محمد سلیم بیکیا کی رہنمائی میں ابتدا ہی سے اختیار کر رکھا تھا۔

# کسٹم کا نیا ایچ ایس 2022 ویب سائٹ پر اپ لوڈ۔ یکم جولائی سے اطلاق

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) کسٹم نے یکم جولائی 2022 سے نافذ العمل نامن کلچر کا نیا ایڈیشن کسٹم کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیا ہے جس میں ایچ ایس 2022 کہلائے گا یہ نیا ورژن ایچ ایس 2017 کی جگہ لے گا۔ اس تبدیلی سے مختلف اشیا کو بین الاقوامی ہارمونائزڈ سسٹم میں ترمیمتر امیم یا اسے اپ گریڈ کر کے اپنایا گیا ہے۔ یہ اپ گریڈیشن ورلڈ کسٹم آرگنائزیشن ہر پانچ سال کے بعد کرتی ہے اور دنیا بھر میں یکم جنوری 2022 سے نافذ العمل ہونا شروع ہو گیا ہے پاکستان چونکہ ڈبلیو سی او کا رکن ہے لہٰذا وہ بھی اس پر عملدرآمد کا پابند ہے اور اس کا اطلاق یکم جولائی 2022 سے بجٹ کی منظوری کے ساتھ ہوگا۔ ایف بی آر نے تمام متعلقہ شعبوں، اداروں اور دیگر اسٹیک ہولڈر سے کہا ہے کہ وہ اس سلسلے میں اپنے اعتراضات، مجوزہ تبدیلیاں، اپنی رائے اور تجاویز زیادہ سے زیادہ 20 اپریل تک سیکریٹری کسٹم بجٹ کو بھیج دیں تاکہ نئے ایچ ایس کوڈ کا اطلاق ہو سکے۔

# پیپر مارکیٹ کراچی: ڈاؤن اور عوامی میں آتشزدگی کے واقعات

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کراچی پیپر مارکیٹ میں گزشتہ دنوں معمولی آتشزدگی کے دو واقعات پیش آئے۔ اطلاعات کے مطابق دونوں واقعات شارٹ سرکٹ کے باعث ہوئے۔ پہلا واقعہ 5 اپریل بروز منگل کی شب ڈاؤن پیپر مارکیٹ میں پیش آیا جہاں دارالحنا میں واقع ان کی شاپ میں رات نو بجے کے قریب آگ بھڑک اٹھی تاہم اس پر جلد ہی قابو پا لیا گیا اور بڑے مالی نقصان سے محفوظ رہے۔ دوسرا واقعہ حسن علی آفندی روڈ آئی بی ایم مارکیٹ میں واقع عوامی پیپر مارٹ میں 11 اپریل 2022 کی صبح پیش آیا جہاں صبح دکان کھولنے پر جیسے ہی بجلی آن کی تو اندر کے حصے میں آگ بھڑک گئی جس پر فوری طور پر قابو پا لیا گیا۔ تاہم دونوں واقعات میں لاکھوں روپے کا کاغذ خراب اور جل گیا۔

## ضروری اعلان

رمضان المبارک میں اوقات کار کی کمی کے باعث ہر سال کی طرح امسال بھی ہفت روزہ پیپر بزنس کا شمارہ ایک ہفتہ کے وقفہ کے بعد انشاء اللہ 29 اپریل 2022 کو شائع ہوگا۔ مشتہرین اور قارئین کرام نوٹ فرمائیں۔ (ادارہ)

## اسٹیٹ بینک نے مزید 177 اشیا پر سو فیصد کیش مارجن کی شرط عائد کر دی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے 7 اپریل 2022 کو مزید 177 اشیا کی فہرست جاری کی ہے جن کی درآمد پر اب سو فیصد کیش مارجن کی شرط عائد ہوگی۔ اس کا اطلاق 31 دسمبر 2022 تک ہوگا۔ یہ مارجن ہر درآمد کنندہ کو کوئی اضافہ نہیں دیا جائے گا اسٹیٹ بینک نے یہ بھی ہدایت کی ہے کہ وہ اس سلسلے میں ہر ماہ کی دس تاریخ تک ڈیٹا ارسال کریں جبکہ ستمبر 2022 تک کا ڈیٹا بھی اسٹیٹ بینک نے 30 جون 2022 تک طلب کیا ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# سیلز ٹیکس ریٹرن میں ضمیمہ ''A'' اور ''C'' کے مطابق خرید و فروخت ظاہر کی جائے، نیا ایس جی او جاری

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) ایف بی آر نے سیلز ٹیکس جنرل آرڈر 13/2022 مورخہ 7 اپریل 2022 کو جاری کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ سیلز ٹیکس ایکٹ، رجسٹرڈ ٹیکس دہندگان کو سیلز ٹیکس ایکٹ، 1990 کے سیکشن 26 کے تحت جمع کرائے گئے ماہانہ سیلز ٹیکس ریٹرن میں خریداری اور سپلائیز کا صحیح طور پر اعلان کرنے کا پابند بناتا ہے۔ خود تشخیص پر مبنی نظام جی ایس ٹی فائلرز کی جانب سے ذمہ داری اور دیانت کے اعلیٰ معیار کی ضمانت دیتا ہے۔ تاہم، سسٹم میں دستیاب ڈیٹا کے تجزیے سے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ خود کار سیلز ٹیکس ریٹرن کے ذریعے فراہم کردہ سہولیات/فوائد درآمد کنندگان، تھوک فروشوں، تقسیم کاروں کے ذریعے غلط استعمال کیے جارہے ہیں جو سامان کی ایک ہی حالت میں خرید و فروخت کا کاروبار کرتے ہیں لیکن قانون کی دفعات کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ان کی کاروباری خریداریوں سے قطع نظر سامان کی فروخت کا کسی اور کوڈ میں کر کے دھوکہ دہی کر رہے ہیں۔ یقینی، شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے، یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ درآمد کنندگان ہول سیلرز، ڈیلرز اور ڈسٹری بیوٹرز کو ایچ ایس کوڈ کے تحت سامان کی فروخت کی اجازت سامان کی بنیاد پر دی جائے گی۔ مذکورہ HS کوڈ کے تحت جیسا کہ ان ٹیکس دہندگان کے سیلز ٹیکس ریٹرن کے ضمیمہ-A اور Annex-B میں اعلان کیا گیا ہے۔ یہ STGO یکم اپریل 2022 سے لاگو ہو گیا ہے۔ اپریل کے سیلز ٹیکس ریٹرن جو مئی میں داخل ہوں گے اس پر اطلاق ہوگا۔

## شہباز شریف پاکستان کے 23 ویں وزیر اعظم منتخب




کراچی (نیوز ڈیسک) مسلم لیگ نون کے صدر شہباز شریف نے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے 23 ویں وزیر اعظم کی حیثیت سے حلف اٹھا لیا۔ ان کا انتخاب تحریک عدم اعتماد کی کامیابی پر عمران خان کی حکومت ختم ہونے کے بعد قومی اسمبلی نے کیا اور انہوں نے 11 اپریل کو اپنے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ ان کے حلف اٹھانے پر تاجر برادری نے دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک بیان میں چیئرمین بی ایم جی زبیر موتی والا، جنرل سیکرٹری بی ایم جی اے کیو خلیل، صدر کے سی سی آئی محمد ادریس نے امید کی کہ شہباز شریف اب بحیثیت وزیر اعظم ملک کو درپیش چند اہم ہنگامی معاشی مسائل کو ترجیح دیں گے اور کراچی کی تاجر و صنعتکار برادری کو طویل عرصے سے درپیش مسائل پر خصوصی توجہ دیں گے۔ انھوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کو کراچی کے چند اہم ترین مسائل خصوصاً کراچی کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے اور اس شہر کی تاجر و صنعتکار برادری کو درپیش گیس، بجلی اور پانی کے بحران جیسے دیگر سنگین مسائل پر توجہ دینی ہوگی جو کہ تمام تر مشکلات کے باوجود قومی خزانے میں 65 فیصد سے زائد ریونیو، 95 فیصد سے زائد ریونیو صوبائی خزانے میں اور 54 فیصد سے زائد برآمدات میں بڑا حصہ ڈال رہا ہے۔ کے سی سی آئی کے عہدیداران نے وزیر اعظم شہباز شریف اور ان کی ٹیم کی مکمل حمایت اور تعاون کا اظہار کیا تا کہ پورے ملک کی دیرپا ترقی اور خوشحالی کو یقینی بنایا جا سکے۔

## ہائبرڈ الیکٹرک گاڑیوں کی درآمد پر دی گئی سیلز ٹیکس کی چھوٹ ختم

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) حکومت نے ہائبرڈ الیکٹرک گاڑیوں کی درآمد پر دی جانے والی سیلز ٹیکس کی چھوٹ واپس لے لی۔ اس حوالے سے فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے 7 اپریل 2022 کو باضابطہ طور پر نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے جس کے ذریعے 12 جون 2013ء کو جاری کردہ ایس آر او میں ترامیم کر دی ہیں۔ نوٹی ترمیمی فکیشن کے ذریعے ہائبرڈ الیکٹرک وہیکلز کی درآمد پر دی جانے والی کسٹمز ڈیوٹی، سیلز ٹیکس اور ود ہولڈنگ ٹیکس کی چھوٹ کے 13 جون کے نوٹیفکیشن سے سیلز ٹیکس کے الفاظ حذف کر دیئے گئے ہیں۔ اس بارے میں جب ایف بی آر حکام سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے بتایا کہ اس ترمیمی نوٹی فکیشن کے ذریعے ہائبرڈ الیکٹرک گاڑیوں کی درآمد پر دی گئی سیلز ٹیکس کی چھوٹ واپس لے لی گئی ہے، آئندہ ہائبرڈ الیکٹرک گاڑیوں کی درآمد پر مروجہ شرح سے سیلز ٹیکس لاگو ہوگا۔

## عابد نثار فیڈریشن کی ''پاکستان انڈونیشیا بزنس کونسل'' 2022 کے چیئرمین مقرر



کراچی (پیپر بزنس نیوز) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے صدر عرفان اقبال شیخ نے معروف تاجر عابد نثار کو ایف پی سی سی آئی کی ''پاکستان انڈونیشیا بزنس کونسل'' برائے سال 2022 کے لیے چیئرمین مقرر کیا ہے جبکہ بورڈ آف ڈائریکٹرز میں عابد نثار، محمد ثاقب گڈلک، محمد زوہیب خان، نوید عثمان میمن پیرانی، محمد نسیم، سہیل نثار، محمد یحییٰ باری، شہزاد احمد اور احمد علی انجم شامل ہیں۔ عابد نثار کی خدمات کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں مسلسل دوسری بار یہ ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ عابد نثار کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ ان کی فرم کو پاکستان اور انڈونیشیا کے مابین تجارت میں نمایاں کارکردگی پر انڈونیشیا کی حکومت نے اپنے اعلیٰ ترین اعزاز ''پریما دوتا ایوارڈ'' سے نوازا۔ عابد نثار معروف تاجر ہیں اور برآمدات درآمدات کے شعبوں میں کئی دہائیوں سے خدمات فراہم کر رہے ہیں اس کے علاوہ کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کی منیجنگ کمیٹی کے رکن اور امپورٹ و اینٹی اسمگلنگ سب کمیٹی کے چیئرمین کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ وہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے لائف ممبر، سابق وائس چیئرمین اور متعدد قائمہ کمیٹیوں کے چیئرمین کی حیثیت سے بھی تجارت و صنعت کے فروغ کے لیے اپنی شاندار خدمات فراہم کر چکے ہیں وہ اس کے علاوہ روٹری کلب کے ممبر بھی ہیں۔

## اپما کی کراچی پیپر مارکیٹ کی دکانوں کی حفاظت کیلئے خصوصی اقدامات کی ہدایات

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے اپنے تمام ممبران و دکانداران کو مطلع کیا ہے کہ گذشتہ دنوں پیپر مارکیٹ میں بجلی کی تاریں، میٹر، ٹیلی فون کی کیبل اور میٹر بکس کی چوری کی وارداتیں جاری تھیں اور اب دکانوں کے تالے توڑنے کی وارداتیں شروع ہوئی ہیں جس کی اطلاع متعلقہ تھانے میں تحریری طور پر کر دی گئی ہے اور اس کی ایف آئی آر بھی کٹوائی جا چکی ہے اور کچھ چور پکڑے بھی گئے تھے۔ اب پھر پچھلے دنوں ایک ممبر کی دکان کے تالے توڑنے کی واردات بھی پیش آ چکی ہے۔ لہٰذا ایسوسی ایشن نے ممبران و دکانداران کو ان کے اپنے مفاد میں ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی مدد آپ کے تحت دکانوں کی حفاظت کے انتظامات کو مزید بہتر بنائیں اور اپنی دوکان میں کسی قسم کی قیمتی اشیاء اور کیش نہ رکھیں۔ اس کے علاوہ رات کے اوقات میں دکان کے باہر معقول روشنی کا بھی انتظام کریں تا کہ کوئی بھی شخص تاریکی کا فائدہ اٹھا کر واردات نہ کر سکے۔ مزید برآں دکاندار سی سی ٹی وی کیمرے کی تنصیب کا بھی اہتمام کریں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique & best quality paper to build on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

## CONTACT

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

## A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

## CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




## SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com


BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

**indah kiat**
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS



IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER



SINARSPECTRA
premium colour paper



spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



## QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER
*Sinar Tech*



## SINARSPECTRA COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM ™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award ™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award ™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

حصہ دوم (پانچویں قسط)

# کاغذ اور کاغذ بورڈ کی خرید و فروخت کے عمومی تجارتی قوانین

ترجمہ: علیم احمد

(1) متاثرہ فریق دوسرے فریق کو فوری نوٹس دے کر یہ بتائے گا کہ ڈیلوری یا قبولیت (Acceptance) میں تعطل یا رخنہ کے بارے میں اطلاع دے گا اور یہ بتائے گا کہ ڈیلوری یا قبولیت میں تعطل یا رخنہ کسی حد تک شدید ہے اور اگر ممکن ہوتو) تو دوسرے فریق کو اس سے بھی سطل کرے گا کہ ڈیلوری یا قبولیت میں پڑنے والا تعطل یا رخنہ انداز کتنا عرصہ جاری رہ سکتا ہے۔

(2) تعطل یا رنے کی وجوہات کے جاری رہنے کے دوران معاہدے کی باقی ماندہ ڈیلوری معطل کردی جائے گی یا پھر جزوی تعطل یا رخنے کی صورت میں اسے کم ( Reduce کیا جائے گا تا آنکہ مذکورہ وجوہات کا اثر ختم ہوجائے یا ان وجوہات کا خاتمہ ہوجائے۔

(3) رخنے یا تعطل کی وجوہات کا اثر جونہی ختم ہوگا متاثرہ فریق فوری طور پر دوسرے فریق کو بذریہ نوٹس معطل کرے گا اور باقی ماندہ ڈیلوری جتنی جلد ممکن ہوگی، اسے معاہدے کے مطابقپورا کرے گا۔

(4) اگر تعطل یا رخنے کا عرصہ معاہدے میں صراحت کردہ مدت سے ایک مہینہ یا زیادہ دنوں تک جاری رہا تو دوسرا فریق متاثرہ فریق کو نوٹس دے کر باقی ماندہ ڈیلوری کا متاثرہ یا تاخیر شدہ حصہ منسوخ کر سکتا ہے۔

(5) وہ اشیاء جو ڈیلوری کے لئے کلینڈر کے ایک ماہ میں باقی رہ گئی ہوں یا تیاری کے مرحلے میں. ہوں یا پھر نذکورہ بالا نوٹس کے بچے پر اس (Transit کے مرحلے پر ہوں تو فروخت کنندہ کی یہ اشیاء خریدار کو لازما قبول کرتا ہوں گی اور ان پر نوٹس کا اطلاق نہیں ہوگا بشرط یہ کہ خریدار کو پہلے ہی کیل کی ممکنہ تاریخ کا عندیہ مل چکا ہو۔

## (b) زائد لاگت:۔

کاغذ اور بورڈ کی پیداواری لاگت میں اضافہ جو خدا کے کام، ناموافق حالات جنگ کے خطرے فسادات ہڑتال یا تالہ بندی کی وجہ سے ہوا ہو اس کے بارے میں فروخت کنندہ خریدار کو مطلع کرے گا اور لاگت میں اضافے اور اس کی وجوہات سے آگاہ کرے گا جس کا اطلاق معاہدے کی باقی ماندہ ڈیلوری پر ہوگا۔ خریدار بہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ معاہدے میں اضافی رقم کو قبول کرلے

## نوٹ

یہ آرٹیکل 1996 میں قسط وار شائع کیا گیا تھا جس کا حصہ دوم قارئین کے لئے پیش خدمت ہے، تاریخیں مندرجہ ذیل ہیں۔

پانچویں قسط: مورخہ 27 مارچ تا 2 اپریل 1996، شمارہ نمبر 14

چھٹی قسط: مورخہ 3 تا 9 اپریل، شمارہ نمبر 15

ساتویں قسط: مورخہ 10 تا 16 اپریل، شمارہ نمبر 16

آٹھویں قسط: مورخہ 24 تا 30 اپریل، شمارہ نمبر 17/18

یا پھر باقی ماندہ ڈیلوری کو منسوخ کردے۔ ایا کوئی بھی تحریری طور پر خریدار کو بھیجا جائے گا اور اگر خریدار اس نوٹس کی وصولی کے سات یوم کے اندر اندر تحریری طور پر جوابی نوٹس کے ذریہ اضافی رقم ادا کرنے سے انکار نہیں کرتا تو یہ تصور کیا جائے گا کہ اس نے اضافی قیمت کا یہ فیصلہ تسلیم کرلیا ہے اور معاہدے کی بقیہ ڈیلوری بھی انہی اضافی قیمتوں کی مطابقت میں کی جائیں گی۔

## قیمتوں میں تبدیلی کی اطلاع خریدار یا فروشندہ تحریری نوٹس کے ذریعے کریں گے

## قیمتوں میں تبدیلی

قیمتوں میں تبدیلی کی شرط لازمی اور مناسب طور پر فروخت کنندہ کی جانب سے معاہدہ میں شامل کی جانی چاہیئے۔ اس کیفیت کی شمولیت کوئی آرڈر قبول کرنے کے بعد اور مال کی تیاری شروع ہونے سے پہلے ہوگی تاکہ آرڈر کی ڈیلوری کے ضمن میں دیگر ضروریات پوری کی جاسکیں۔ قیمتوں میں کمی بیشی، تغیر (تبدیلی) کے طے کردہ حدود میں رہتے ہوئے کی جائے گی اور اس کے لئے خریدار یا فروخت کنندہ ایک باقاعدہ نوشی کے ذریعے دوسرے فریق کو مطلع کرے گا جس کا اطلاق باقی ماندہ آرڈر یا آرڈر کی واجب الادا رقم پر ہوگا۔

خریدار کے پاس یہ اختیار ہوگا کہ وہ اپنا آرڈر یا باقی ماندہ آرڈرز کو تحریری نوٹس کے زریعے فروخت کنندہ کے بھیجے ہوئے انسانی قیمت والے نوشی کی وصولی کے ایک ہفتے کے اندر اندر منسوخ کردے۔

کوئی بھی کوٹیشن، تغیر پذیر ہوسکتی ہے۔ بشرطیکہ اس کی وضاحت کمل اور تحریری طور پر نہ کردی جائے۔

## تصریحات (Specifications)

فروخت کنندہ کو مکمل تصریحات ایک طے شدہ مدت کی آخری تک لازما بھیجی جائیں گی جن میں ڈیلوری کے وقت اور دیگر نکات کا مکمل طور پر تعین کیا جائے گا۔ اگر خریدار اس طے شدہ مدت میں اپنے آرڈر کی تصریحات نہیں بجھوا پاتا یا پھر معاہدے کے نکات کے مطابق فوری ڈیلوری کی ہدایات دینے میں ناکام رہتا ہے تو فروخت کنندہ چودہ (۱۴) روز میں رجسٹرڈ خط یا کی اور باہمی اتفاق شدہ ذریعے سے خریدار کو مطلع کرے گا اور اس سے تصریحات یا باقی ماندہ ڈیلوری کے بارے میں واضح ہدایات کا مطالبہ کرے گا، جیسی کہ صورت حال ہو۔ اگر خریدار پھر اس مدت میں صراحت کرنے یا ڈیلوری کے بارے میں ہدایات جاری کرنے سے قاصر ہوتا ہے تو فروخت کنندہ یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ خریدار کے لئے رکھی گئی ان اشیاء ((Goods کو وہ اپنے نقصان کی تلافی کے لئے کسی دوسری جگہ فروخت کردی کہ جن کا خریدار نا دہندہ ہے۔ مزید یہ کہ فروخت کنندہ معاہدے کو اس صورت میں منسوخ کردینے کا حق بھی محفوظ رکھتا ہے۔ مذکورہ بالا کیفیت میں فروخت کنندہ اس بات کا مجاز بھی ہوگا کہ اس مال کی بہترین ممکنہ قیمت حاصل کرنے کی کوشش کرے۔

## انوائسنگ:

اگر معاہدے کے مطابق کاغذ کی ڈیلوری مقررہ تاریخ پر تیار ہے اور خریدار وہ ڈیلوری نہیں لیتا تو اس کی انوائس تیار کرلی جائے گی اور یہ انوائس خریدار پر واجب الادا ہوجائے گی ہے خریدار کو انوائس کے اجراء کے ایک ماہ کے اندر اندر ادا کرنا ہوگا۔ اگر مقررہ تاریخ پر تمام ڈیلوری تیار نہ ہوتو فروخت کنندہ صرف تیار شدہ مال کے لئے انوائس تیار کرے گا، بشرطیکہ خریدار اور فروخت کنندہ کے درمیان تمام ڈیلوری کی حتمی تاریخ طے نہ ہوگئی ہو۔ اگر ہدایات کے مطابق کاغذ تیار ہولیکن ڈیلوری کی تاریخ وانہ ہوتو فروخت کنندہ کا کاغذ کی تیاری کی اطلاع دینے کے آٹھ ہفتوں بعد اس ڈیلوری کی انوائس تیار کی جائے گی جو خریدار کے ذمے فوری طور پر واجب الاداء ہوگی۔

## مال رکھنے کی قیمت:

فروخت کنندہ انوائس کی تاریخ کے بعد ڈیلوری کے جس کاغذ کا ذخیرہ رکھتا ہے اس پر معاشی اور کرائے کے اضافی اخراجات بھی خریدار کے زے واجب الادا ہوں گے۔

## انشورنس:

کاغذ کی انشورنس فروخت کنندہ کے زمے ہوگی تا آنکہ ڈیلوری قبول کرلی جائے۔ نقصان یا ٹوٹ پھوٹ کی جواب دہی و جواب دہی کا تعین معاہدے میں شامل فریقین کی باہمی اتفاق سے کیا جائے گا یا پھر ان کے مقامی قوانین کے تحت بنائی جانے والی مجلس قائمہ (Standing Committee) کے ذریعے ہوگا اور اگر اس صورت میں بھی جواب دہی کا تعین نہ ہو پائے تو اس بات کا فیصلہ آربٹریشن ایکٹ ۱۹۵۰ء (برطانیہ میں راج ہے) کے طریقہ کار کے تحت کیا جائے گا۔

(جاری ہے)

☆ مشتہرین توجہ فرمائیں ☆

ہم اپنے کرم فرماؤں بالخصوص مشتہرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی ادائیگیاں بذریعہ کراس چیک بنام "پیپر بزنس" کرنے کی کوشش کریں۔ نقد ادائیگی کی صورت میں وصولی "رسید" لازمی حاصل کریں۔ رسید نہ ملنے کی صورت میں دفتر پیپر بزنس کے اس فون نمبر پر مطلع کریں۔ (ادارہ)

0308-2933229



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# صنعتی ایمنسٹی اسکیم کی تفصیلات کا اجراء

## یکم مارچ 2022 سے قبل قائم صنعتیں 2026 تک اپنے نقصان ایڈجسٹ کر سکیں گی تاہم انہیں جون 2024 تک پیداوار شروع کرنا ہوگی

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ہفتہ 9 اپریل 2022 کو صنعتی شعبے کے لیے ایمنسٹی اسکیم کی تفصیلات جاری کیں اور تاجروں کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ اپنے غیر ظاہر شدہ اثاثوں سے صنعتی اداروں میں سرمایہ کاری کریں۔ رپورٹ کے مطابق تفصیلات 2022 کے ایک انکم ٹیکس سرکلر 13 میں جاری کی گئیں، ایمنسٹی پیکیج تین شعبوں کے لیے مراعات دے رہا ہے جس میں صنعتی فروغ، خراب یونٹوں کی بحالی اور صنعتی شعبے میں غیر ملکی سرمایہ کاری شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کمپنی کو حاصل کر کے مراعات کاروباری نقصانات کی ایڈجسٹمنٹ کی صورت میں فراہم کی جاتی ہیں، آرڈیننس میں ایک نیا سیکشن 59 سی داخل کیا گیا ہے جس کے تحت جس کمپنی کو حاصل کیا جا رہا ہے اس کو تازہ ترین ٹیکس کے سال کے لیے نقصان کو ایڈجسٹ کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ جس کمپنی کو حاصل کیا گیا ہے وہ مذکورہ نقصانات کو ٹیکس سال 2026 تک تین ٹیکس سالوں کی مدت کے لیے ایڈجسٹ کر سکتی ہے، اگر اس بیمار صنعت کی بحالی میں ناکامی ہوتی ہے تو ان نقصانات کی ایڈجسٹمنٹ اگلے تین سالوں میں واپس ہو جائے گی۔ اس سیکشن کے تحت فائدہ انضمام یا انضمام کی کسی اسکیم کے لیے دستیاب نہیں ہوگا، ایک بیمار صنعتی یونٹ کی تعریف جس کے نقصانات اس اسکیم کے تحت ایڈجسٹمنٹ کے لیے دستیاب ہیں، اس حصے میں فراہم کی گئی ہے۔ بیمار صنعتی یونٹ کی بحالی کے لیے زیادہ سے زیادہ پیداواری صلاحیت حاصل کرنے کی ضرورت ہے جو ایسی کمپنی کے بیمار ہونے سے پہلے حاصل کی گئی تھی، اس طرح کی بحالی انجینئرنگ ڈیولپمنٹ بورڈ کے ذریعے تصدیق شدہ ہوگی اور حاصل شدہ کمپنی کو ٹیکس سال 2026 کے لیے آمدنی کے ریٹرن کے ساتھ مذکورہ سرٹیفکیٹ فائل کرنے کی ضرورت ہے۔ صنعتی فروغ کی ترغیب کے لیے آرڈیننس میں سیکشن 65 ایچ داخل کیا گیا ہے جس کے تحت تمام غیر مقیم پاکستانی شہری جو پانچ سال سے زائد عرصے سے غیر رہائشی حیثیت رکھتے ہیں اور مقیم پاکستانی شہری ایک بار 100 فیصد فائدہ اٹھا سکتے ہیں، وہ یکم مارچ 2022 کو یا اس کے بعد ایک صنعتی حلف نامے کے ذریعے کمپنی کے ذریعے کھولے گئے ایک وقف شدہ روپے کے اکاؤنٹ میں عام بینکنگ چینل کے ذریعے غیر ملکی کرنسی سے ایکویٹی کے طور پر پاکستان میں بھیجی گئی ترسیلات زر کے برابر ٹیکس کریڈٹ حاصل کر سکتے ہیں۔ مذکورہ صنعتی حلف نامے کو 30 جون 2024 تک اپنی تجارتی پیداوار شروع کرنے کی ضرورت ہے اور ٹیکس کریڈٹ اس سال کے لیے قابل ادائیگی ٹیکس کے بدلے ایڈجسٹمنٹ کے لیے دستیاب ہوگا جس میں تجارتی پیداوار شروع ہوتی ہے اور اگر اسے ایڈجسٹ نہیں کیا گیا تو زیادہ سے زیادہ پانچ سال کی مدت تک آگے بڑھایا جا سکتا ہے۔ رہائشی شخص آرڈیننس کے سیکشن 116 یا 11 6اے کے مطابق ظاہر کردہ اثاثوں میں سے زرمبادلہ پاکستان بھیج سکتا ہے، اس سیکشن کے تحت فائدہ حاصل کرنے کے لیے کم از کم ایکویٹی سرمایہ کاری 5 کروڑ روپے ہوگی اور پاکستان میں زرمبادلہ کی ترسیل کا طریقہ کار اسٹیٹ بینک آف پاکستان طے کرے گا۔ اس سیکشن کے تحت پیش کردہ اسکیم کسی کمپنی یا صنعتی حلف نامے پر لاگو نہیں ہوگی جو کسی کمپنی یا پہلے سے موجود صنعتی حلف نامے کی تقسیم یا تشکیل نو کے ذریعے یا یکم مارچ 2022 سے پہلے کسی بھی وقت قائم کردہ صنعتی انڈرٹیکنگ سے مشینری یا پلانٹ کی منتقلی کے ذریعے قائم کی گئی ہو۔

## خامس سعید بٹ فیڈریشن کی ''ٹریفک پولیس اسٹینڈنگ کمیٹی'' پنجاب ریجن کے کنوینر نامزد



لاہور (پیپر بزنس نیوز) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ریجنل چیئرمین اور نائب صدر محمد ندیم قریشی نے بزنس مین گروپ (لاہور) کے رہنما خامس سعید بٹ کو ایف پی سی سی آئی کی پنجاب ریجنل اسٹینڈنگ کمیٹی برائے ''ٹریفک پولیس'' کا سال 2022 کا کنوینر نامزد کیا ہے اور ان سے کہا گیا ہے کہ اس خط کی وصولی کی تاریخ سے 7 (سات) دنوں کے اندر اپنے سیکٹر سے کمیٹی کے ممبران (کم از کم نو (9) ممبران) پورے ملک سے پیشہ ور اور تجربہ کار افراد کو منتخب کریں۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ کمیٹی کو ایک سہ ماہی میں کم از کم ایک اجلاس منعقد کرنا چاہیے اور کمیٹی کی طرف سے کیے گئے اقدامات کا خلاصہ براہ کرم ایگزیکٹو کمیٹی کی معلومات کے لیے پیش کیا جائے۔ کمیٹی کی کارکردگی اور شراکت کو ایف پی سی سی آئی کی کارکردگی رپورٹ میں بھی اجاگر کیا جائے گا۔

## حسن رضا شیخ فیڈریشن کی ''پیپر اینڈ پیپر بورڈ اسٹینڈنگ کمیٹی'' کے ڈپٹی کنوینر نامزد



لاہور (پیپر بزنس نیوز) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ریجنل چیئرمین اور نائب صدر محمد ندیم قریشی نے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن، ناردرن زون کے صدر حسن رضا شیخ کو ایف پی سی سی آئی کی سینٹرل اسٹینڈنگ کمیٹی برائے ''پیپر اینڈ پیپر بورڈ'' کا سال 2022 کا ڈپٹی کنوینر نامزد کیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ وہ کمیٹی کے لئے اپنے تجربے اور تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# وزیراعظم شہباز شریف نے معاشی مشکلات پر قابو پانے کیلئے مشاورتی کونسل تشکیل دے دی

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) حکومت کے چھوڑے ہوئے چیلنجز پر قابو پانے کے لیے مختصر اور طویل مدتی اقدامات اٹھائے گی۔ رپورٹ کے مطابق صحافیوں کے لیے افطار عشائیے میں انہوں نے کہا کہ 'وفاقی کابینہ کی تشکیل کے بعد حکومت مہنگائی اور معاشی بحالی کے منصوبوں کے ساتھ سامنے آئے گی'۔ قبل ازیں دن میں وزیراعظم نے قومی اقتصادی مشاورتی کونسل (این ای اے سی) تشکیل دینے کا فیصلہ کیا تھا جس میں معروف اقتصادی ماہرین شامل ہوں گے تا کہ موجودہ معاشی مسائل سے نکلنے کی راہ نکالی جائے۔ ذرائع کے مطابق این ای اے سی میں تجربہ کار ماہر معاشیات وصنعتکار مثلاً محمد علی ٹبہ، میاں منشا، علی چیمہ اور یوسف نذر سمیت دیگر افراد شامل ہوں گے۔ اندرونی ذرائع نے بتایا کہ وزیراعظم نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ این ای اے سی ہفتہ وار بنیادوں پر ہر سنیچر کو اجلاس کرے تاہم معاشی ٹیم نے تجویز دی کہ اجلاس کے لیے کوئی دن مخصوص نہیں ہونا چاہیے۔ معاشیات دانوں کے ساتھ اپنی ملاقات میں وزیراعظم نے ملک کو موجودہ اقتصادی بحران سے نکالنے کے لیے فوری تجاویز پیش کرنے کی ہدایت کی۔ یہ تجاویز تجارت، سرمایہ کاری اور بینکنگ کے شعبوں میں اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کے بعد وضع کی جائیں گی۔ معاشی بحالی کے حوالے سے ایک سربراہی اجلاس بھی آئندہ چند دنوں میں منعقد کیا جائے گا جس میں معاشی ماہرین کی تجاویز پر غور کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے قومی اور عوامی مفادات کے درمیان توازن برقرار رکھنے کی ضرورت دیتے ہوئے خاص طور پر رمضان کے مہینے میں روزمرہ استعمال کی اشیا اور ضروری اشیا کی قیمتوں میں کمی کی ہدایت کی۔ اجلاس میں سیکریٹری خزانہ نے مجموعی قومی بیلنس شیٹ کے علاوہ معاشی صورتحال، محصولات، بجٹ خسارے اور قرضوں پر بریفنگ دی۔

# انٹر بینک میں ڈالر 181 روپے پر آ گیا

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹر بینک اور مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کے مقابلے پاکستانی روپیہ کی قدر بڑھ رہی ہے جس کے باعث انٹر بینک میں ڈالر183روپے سے کم ہو کر 181 روپے اور اوپن مارکیٹ میں ڈالر 184 روپے سے گھٹ کر182 روپے پر آ گیا۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق منگل 12 اپریل 2022 کو انٹر بینک میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر میں 30.1 روپے کی کمی واقع ہوئی جس سے ڈالر کی قیمت خرید 183روپے سے کم ہو کر 80.181 روپے اور قیمت فروخت 20.183 روپے سے کم ہو کر 90.181 روپے ہو گئی اسی طرح مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں 50.1روپے کی نمایاں کمی سے ڈالر کی قیمت خرید 20.183 روپے سے کم ہو کر 30.182 روپے اور قیمت فروخت 20.184 روپے سے کم ہو کر 70.182 روپے ہو گئی۔ فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قدر میں 2 روپے کی کمی ریکارڈ کی گئی جس سے یورو کی قیمت خرید 197 روپے سے کم ہو کر 195 روپے اور قیمت فروخت 199 روپے سے کم ہو کر 197 روپے ہو گئی جبکہ 70.2 روپے کی نمایاں کمی سے برطانوی پونڈ کی قیمت خرید 50.235 روپے سے کم ہو کر 50.233 روپے اور قیمت فروخت 50.238 روپے سے کم ہو کر 80.235 روپے پر آ گئی۔

# کرپٹو کرنسی کی قانونی حیثیت پر 3 ماہ میں سفارشات پیش کی جائیں، سندھ ہائیکورٹ

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ نے کرپٹو کرنسی کی قانونی حیثیت متعلق وزارت خزانہ کو تین ماہ میں سفارشات پیش کرنے کی ہدایت کردی۔ ہائی کورٹ میں کرپٹو کرنسی ریگولرائزڈ کرنے کی درخواست کی سماعت ہوئی۔ وفاقی وزارت خزانہ کے نمائندے نے کرپٹو کرنسی سے متعلق رپورٹ پیش کردی۔ عدالت نے پیش کی گئی رپورٹ پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے آپ کو 3 ماہ کا وقت دیا گیا تھا اب تک کچھ نہیں کیا گیا۔ آپ کو مزید وقت بھی دے دیں تو کچھ نہیں کر پائیں گے۔ نمائندہ وزارت خزانہ نے بتایا کہ ہم نے 2 بار تمام متعلقہ اداروں کی میٹنگ کا انعقاد کیا ہے۔ ایک مرتبہ سب گروپس کا اجلاس بھی منعقد کیا گیا ہے۔ اب تک کرپٹو کرنسی کو قانونی حیثیت دینے پر اتفاق نہیں ہو سکا۔ یہ ایک پیچیدہ مسئلہ ہے اس کے لئے زیادہ وقت درکار ہے۔ عدالت نے ریمارکس دیئے یہ کوئی پیچیدہ مسئلہ نہیں ہے بلاوجہ طول دیا جا رہا ہے۔ عدالت نے درخواست کی مزید سماعت 13 جون تک ملتوی کردی۔

## کراچی سے امسال بھی 42 فیصد زیادہ ٹیکس وصولی

کراچی (بزنس ڈیسک) کراچی سے رواں مالی سال کے 9 ماہ میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 42 فیصد زیادہ ٹیکس جمع کیا گیا، ایف بی آر لارج ٹیکس پیئر آفس کراچی کا کہنا ہے کہ کراچی سے ٹیکس وصولی کا یہ نیا ریکارڈ ہے، ایل ٹی یو ذرائع کا کہنا ہے جولائی 2021 سے مارچ 2022 تک 1144 ارب سے زائد ٹیکس وصول کیا گیا جبکہ گزشتہ مالی سال میں اس عرصے میں کراچی سے 805 ارب ٹیکس وصول کیا گیا تھا۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229


# کاروباری مواقع
# TENDERS

## پوسٹل لائف انشورنس کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 اپریل 2022
برائے رابطہ: جنرل منیجر اسٹاک برانچ، لاہور۔
فون: 042-9210813

## PSO کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: AD-16231-NB
مختلف اقسام کے ورک پرمٹ کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 25 اپریل 2022
برائے رابطہ: پروکیومنٹ ڈپارٹمنٹ، پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ۔
فون: 111-111-776- EXT:2229

## یونیورسٹی آف ایجوکیشن کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 02
فائل کور، لفافے اور دیگر میٹریل کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 اپریل 2022
برائے رابطہ: پرچیز سیکشن کیمپس، ملتان۔
فون: 061-9210186

## پی آئی اے کے پیپر و اسٹیشنری کے ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:
DGMPC/F4Paper(Legal)IMP/22-23
پیپر F4۔ لیگل سائز، امپورٹڈ 80 گرام، تعداد: 1200 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 18 اپریل 2022ء
برائے رابطہ: جنرل منیجر پروکیورمنٹ، کمرشل پرچیز سیکشن، ہیڈ آفس، پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن، کراچی۔
فون: 021-99043304




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# اسٹیکر، بلیچ بورڈ، کاربن لیس، آرٹ کارڈ و پیپر، نیوز پرنٹ ریلز اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

## مقامی ڈپلیکس بورڈ اور آفسیٹ پیپر کی قیمتوں میں بھی اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مزید تیزی دیکھی گئی اور 13 اپریل 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ، چینمنگ، ریئل اور پنڈ و ڈیلی، رشین نیوز پرنٹ ریلز، اسٹیکر پیپر، پنڈ و آرٹ کارڈ، نیو یا آرٹ پیپر، کاربن لیس امپریشن، امپریشن ڈاٹ، امپریشن اسٹار، مقامی ڈپلیکس بورڈ وائٹ گولڈ، لاثانی نیچرل، ونر نیچرل بیک، ونر براؤن بیک، میگا ٹاپ، کلاسک، درآمدی آفسیٹ آئی کے ریل کٹ، اپریل فائن، مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اور ڈبل اے برانڈ اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ ریٹیل مارکیٹ میں نیوز پرنٹ پیپر کی قیمتوں میں بھی اضافہ دیکھا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ رہی کہ پنڈ و آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈ و ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 330 روپے سے بڑھ کر 340 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ کارڈ جاپان تمام سائز تمام گرام، 320 روپے سے بڑھ کر 325 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 305 روپے سے بڑھ کر 308 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈ و 2000 انڈونیشیا، 17x24 سائز 2425 روپے سے بڑھ کر 2650 روپے، 18x23 سائز 2450 روپے سے بڑھ کر 2650 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز، 4600 روپے سے بڑھ کر 4800 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ امپریشن ڈاٹ چائنا 24x34 سائز، 4600 روپے سے بڑھ کر 4800 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ وائٹ گولڈ تمام سائز 300۔230 گرام، 135 روپے سے بڑھ کر 150 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی نیچرل تمام سائز تمام گرام، 128 روپے سے بڑھ کر 142 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ونر نیچرل بیک تمام سائز 250۔300 گرام، 130 روپے سے بڑھ کر 140 روپے، تمام سائز 350 گرام، 130 روپے سے بڑھ کر 140 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ونر براؤن بیک تمام سائز تمام گرام، 128 روپے سے بڑھ کر 140 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 118 روپے سے بڑھ کر 123 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ کلاسک تمام سائز 250 تا 300 گرام، 146 روپے سے بڑھ کر 164 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا تمام سائز تمام گرام 330 روپے سے بڑھ کر 332 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ریئل 325 روپے سے بڑھ کر 332 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ چینمنگ تمام سائز تمام گرام 320 روپے سے بڑھ کر 332 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ پنڈ و ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 315 روپے سے بڑھ کر 325 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آفسیٹ آئی کے 035 مشین / ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 315 روپے سے بڑھ کر 320 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر اپریل فائن انڈونیشیا تمام سائز 70، 80 اور 100 گرام، 305 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 52 گرام، 155 روپے سے بڑھ کر 160 روپے، تمام سائز 53 گرام، 165 روپے سے بڑھ کر 170 روپے، تمام سائز 60 گرام، 165 روپے سے بڑھ کر 170 روپے، تمام سائز 63 گرام، 165 روپے سے بڑھ کر 170 روپے، تمام سائز 68 گرام، 165 روپے سے بڑھ کر 170 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ تمام سائز 63 گرام، 185 روپے سے بڑھ کر 195 روپے، تمام سائز 68 گرام، 185 روپے سے بڑھ کر 195 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ رشین نیوز پرنٹ ریلز سائز 85.24 انچ، 42 گرام، 160 روپے سے بڑھ کر 280 روپے، سائز 75.26 انچ، 42 گرام، 160 روپے سے بڑھ کر 280 روپے، سائز 23 انچ، 42 گرام، 160 روپے سے بڑھ کر 280 روپے، سائز 30 انچ، 42 گرام، 160 روپے سے بڑھ کر 280 روپے، سائز 33 انچ، 42 گرام، 170 روپے سے بڑھ کر 300 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 750 روپے سے بڑھ کر 790 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 800 روپے سے بڑھ کر 870 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 760 روپے سے بڑھ کر 800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 910 روپے سے بڑھ کر 950 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 770 روپے سے بڑھ کر 810 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 80 گرام، 820 روپے سے بڑھ کر 980 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13 ـ 70 گرام، 900 روپے سے بڑھ کر 950 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A ـ13 .5 ـ70 گرام، 920 روپے سے بڑھ کر 1000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 70 گرام، A3 سائز 1570 روپے سے بڑھ کر 1650 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 740 روپے سے بڑھ کر 780 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 830 روپے سے بڑھ کر 900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 940 روپے سے بڑھ کر 985 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ رپورٹ برازیل 80 گرام، 860 روپے سے بڑھ کر 930 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 740 روپے سے بڑھ کر 780 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 2700 روپے سے بڑھ کر 2800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ایڈیسٹر یورپ 20x30 سائز، 4700 روپے سے بڑھ کر 4900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک GSF انڈونیشیا، 20x30 سائز، 2700 روپے سے بڑھ کر 2800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2650 روپے سے بڑھ کر 2700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 2660 روپے سے بڑھ کر 2700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 2700 روپے سے بڑھ کر 2800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2750 روپے سے بڑھ کر 2850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## ایس ای سی پی کا کمپنیوں کے باآسانی اخراج کیلئے آن لائن پورٹل کا اجراء

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایس ای سی پی نے کمپنیوں کے باآسانی اخراج کے لیے آن لائن پورٹل کا اجراء کر دیا ہے، کوئی بھی کمپنی ایس ای سی پی رجسٹر سے اپنا نام ہٹانے کیلئے براہ راست درخواست دے سکتی ہے، سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کمپنیوں کے باآسانی اخراج یعنی ڈائریکٹرز کی جانب سے ایزی ایگزٹ اسکیم کے تحت کمپنیوں کو بند کرنے کی درخواست دائر کرنے کے لئے آن لائن پورٹل تشکیل دیا ہے جو خودکار اور آسان اخراج کے عمل کو یقینی بناتا ہے، کمپنیز ایکٹ، 2017 کا سیکشن 426، اور اس سے متعلقہ ضوابط، کمپنیز (ایزی ایگزٹ) ریگولیشنز، 2014 کے قانونی فریم ورک کے مطابق، کوئی بھی پرائیویٹ یا پبلک ان لسٹڈ کمپنی جو کہ کام کرنا بند کر چکی ہو اور جس کے کوئی اثاثے اور مالی ذمہ داریاں اور لین دین نہ ہو، ایس ای سی پی کے کمپنیوں کے رجسٹر سے اپنا نام ہٹانے کے لیے براہ راست رجسٹرار کو درخواست دے سکتی ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# اپیلٹ ٹریبونل کے سسٹم کو آن لائن کرنے کیلئے سوفٹ ویئر کی فراہمی

## پاکستان بھر کے ٹیکس دہندگان، ٹیکس پریکٹیشنرز آن لائن سسٹم سے مستفید ہو سکیں

